© rasailojaraid.com

**تحقیقاتِ اسلامی (سہ ماہی)** ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی کا سہ ماہی ترجمان ۔ ایڈیٹر سید جلال الدین عمری ۔ پتہ: پان والی کوٹھی ۔ دودھ پور ۔ علی گڈھ ۲۰۲۰۰۱ (انڈیا)
چندہ سالانہ بھارت سے ۲۵ روپے ۔ پاکستان سے ۱۰۰/- روپے ۔

بھارت میں مسلمانوں کو جہاں ہولناک آزمائشوں کا سامنا ہے، وہاں ناسازگار حالات نے ان کی خاص خاص قوتوں اور صلاحیتوں کو ابھار دیا ہے ۔ وہ بعض ایسے کام کر رہے ہیں جو آزاد مسلم ممالک میں شروع نہیں ہو سکے ۔ مثلاً علی گڈھ ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی قائم کیا گیا ہے جس کے تحت متعدد روشن دماغ حضرات تحقیق کاوشوں میں مصروف رہتے ہیں ۔ مثلاً اس وقت جو شمارہ زیرِ تبصرہ ہے (جولائی ۔ ستمبر ۱۹۹۶ء) اس میں "امام غزالی کا تصوف" (ڈاکٹر غلام قادر لون) اور "اُردو میں تاریخ نگاری" (ڈاکٹر افتخار حسین صدیقی) دو تحقیقی مقالات شامل ہیں ۔ بحث و نظر کے تحت "اسلام کا عقیدۂ توحید اور اس کے قرآنی دلائل" اور "مشترکہ خاندانی نظام اور اسلام" دو مضامین شائع کیے گئے ہیں ۔ تنقید و تبصرہ کے زیرِ عنوان "صلاح الدین ایوبی کی ایک سوانح" ۔۔۔ انگریزی کتاب؛ SALADIN ۔۔۔ مؤلف: اینڈریو ایس اہرینکریوٹز (EHRENKREUTS) پر پانچ صفحات میں تبصرہ کیا گیا ہے ۔ حرفِ آغاز کے تحت ایڈیٹر صاحب نے "خدمتِ خلق کے چند پہلو" پر بصیرت افروز مضمون لکھا ہے ۔

---

**افکار و عمل** مؤلفہ: عاصم نعمانی صاحب ۔ ناشر: دارالاشاعت اعباب، گلاب مینشن، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور ۔ کاغذ، طباعت، سرورق بہت اچھا ۔ قیمت: ۱۸/- روپے

جناب عاصم نعمانی صاحب کئی سال سے جماعتِ اسلامی کی خدمت کر رہے ہیں ۔ مولانا (؟) کے پرسنل سیکرٹری کی حیثیت سے ڈاک کو نمٹانے کے علاوہ مولانا کے ملاقاتیوں کے شوقِ ملاقات کا دباؤ بھی بڑی خوبی سے سہتے رہے ہیں ۔ اب وہ منصورہ کی مرکزی تربیت گاہ کے انچارج ہیں ۔ ایک عرصہ سے جو کچھ باہر سے آمدہ رفقاء کو بتایا سنایا جاتا ہے اس میں بھی حصہ دار ہیں اور کارکنوں کے اندر جس جس چیز کی طلب ہوتی ہے اس کو بھی خوب سمجھتے ہیں ۔

© rasailojaraid.com